نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

3 مئی 2010ء

برائے فوری اجراء

263/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے 2009ء کے اتحادی اعانت فنڈ کا اجراء

اسلام آباد (3 مئی 2010ء) ___ امریکہ نے آج حکومت پاکستان کو 2009ء میں تشدد آمیز انتہا پسندی کے خلاف کارروائیوں پر اُٹھنے والے اخراجات کی مد میں 656 ملین ڈالر منتقل کر دیئے ہیں۔

یہ ادائیگی جو اتحادی اعانت فنڈ (کولیشن سپورٹ فنڈ) کہلاتی ہے پاکستان کی دہشت گردوں کے خلاف لڑائی میں معاونت اور پاکستان اور خطہ میں امن واستحکام کے مشترکہ نصب العین کے حصول کے لئے ہے۔

امریکہ نے 2001ء میں پاکستان سمیت 27 ملکوں کو تشدد آمیز انتہا پسندی کے خلاف لڑائی پر اُٹھنے والے اخراجات کا کچھ حصہ ادا کرنے کے لئے کولیشن سپورٹ فنڈ قائم کیا تھا۔ 2001ء سے اب تک امریکہ پاکستان کو 7.2 ارب ڈالر کی ادائیگی کر چکا ہے۔ پاکستان کو اتحادی اعانت فنڈ کی آخری ادائیگی جنوری میں کی گئی تھی جب پاکستان کو 2008ء کے لئے اتحادی اعانت فنڈ کے تمام تصدیق شدہ کلیموں کے جواب میں 349 ملین ڈالر دیئے گئے تھے۔ 2009ء کے اضافی اتحادی اعانت فنڈ کے کلیمز پر کام جاری ہے اور اُن پر اضافی ادائیگیاں ہو سکتی ہیں۔

کولیشن سپورٹ فنڈ کے علاوہ گزشتہ تین سال کے دوران پاکستان کے لئے امریکہ کی جانب سے سویلین وعسکری اعانت مجموعی طور پر چار ارب ڈالر سے تجاوز کر چکی ہے۔ فراہم کی جانے والی اس اعانت میں طبی امداد، اسکولوں کی تزئین وآرائش، پلوں اور کنوؤں کی تعمیر نو، خوراک کی تقسیم اور زرعی وتعلیمی منصوبے شامل ہیں۔ مخصوص دفاعی اعانت میں 14 ایف سولہ لڑاکا طیارے، 10 ایم آئی سترہ ہیلی کاپٹر، پاکستان فرنٹیئر کور کے لئے 450 سے زیادہ گاڑیاں، رات کو دیکھنے والی سینکڑوں عینکیں، دن اور رات کے اوقات میں استعمال ہونے والی دوربینیں، ریڈیو، اور پاکستان کی مسلح افواج کے لئے ہزاروں کی تعداد میں حفاظتی جیکٹیں اور ابتدائی طبی امداد کی اشیاء شامل ہیں۔ امریکہ نے 370 سے زیادہ پاکستانی فوجی افسران کو انسدادِ دہشت گردی، انٹیلی جینس، نقل وحمل، میڈیکل، دورانِ پرواز حفاظت اور فوجی قوانین ایسے موضوعات کے بارے میں قائدانہ صلاحیتوں کو اُبھارنے کے پروگراموں کے لئے تربیت بھی فراہم کی ہے۔

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ

http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800